11789 ـ کیا ننگی اور فحش تصاویر والے کمپیوٹر کی مرمت کر دے

سوال

ہم کپیوٹر ورکشاپ میں آلات مرمت کرنے کا کام کرتے ہیں، ہمارے پاس ایک کپیوٹر مرمت کے لیے آیا تو اسے چیک کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ تو ننگی اور فحش تصاویر سے بھرا ہوا ہے، کیا ہم اس کی مرمت کرنے سے انکار کردیں، یا کہ کمپیوٹر مرمت کر دیں اور یہ تصاویر مٹا دیں اور مالک کو وعظ و نصیحت کریں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

میں نے یہ سوال اپنے استاد اور شیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا تو ان کا جواب تھا:

میری رائے یہ ہے کہ وہ اس شخص کو کہیں کہ ہم اس کی مرمت نہیں کرینگے، کیونکہ اگر انہوں نے اس کی مرمت کردی اور تصاویر بھی مٹا دیں، تو وہ اور نئی اشیاء رکھ لے گا، لہذا وہ اس کی مرمت ہی نہ کریں.

واللہ اعلم .